# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 27 July-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۷؍جولائی ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ بنیادی ڈھانچہ اور توانائی ملک کی ریڑھ کی ہڈی ہے: وزیرِ اعظم نریندر مودی کا عندیہ۔

☆ کارگل وِجے دِوس پر کل ملک بھر میں مختلف پروگراموں کا انعقاد۔

☆ ریاست میں بارشوں میں شدت؛ مختلف آبی ذخائر میں پانی کی سطح میں اضافہ۔

اور۔۔۔☆ فِڑے خواتین شطرنج عالمی کپ فائنل کا پہلا میچ برابری پر ختم؛ دوسرا فائنل آج۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بنیادی ڈھانچہ اور توانائی ملک کی ترقی کی ریڑھ کی ہڈی ہے۔ کل وزیرِ اعظم کے ہاتھوں تملناڈو کے تُوتیکورِن میں چار ہزار 800 کروڑ روپئے مالیت کے مختلف منصوبوں کا سنگِ بنیاد اور افتتاح عمل میں آیا۔ اس موقع پر وزیرِ اعظم نے کہا:

**Byte: Prime Minister Narendra Modi**

آج وزیرِ اعظم چول سلسلے کے شاہ راجندر چول کے یومِ پیدائش کی ایک تقریب میں بھی شرکت کریں گے۔ راجندر چول کی یاد میں ایک سکہ بھی وزیرِ اعظم جاری کریں گے۔ راجندر چول کی جنوب ایشیائی سمندری مہم کا یہ ایک ہزارواں سال ہے۔

دریں اثناء، وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اپنے دورۂ مالدیپ کو نہایت ہی کامیاب قرار دیا۔ کل وہ اپنا مالدیپ دورہ مکمل کر کے تملناڈو پہنچے۔ اس دورے میں قرض کی فراہمی، قرض کی ادائیگی، آزاد تجارتی معاہدہ، UPI اور پیداوارِ ماہی جیسے اُمور پر معاہدے ہوئے۔ علاوہ ازیں، مالدیپ کو چار ہزار 850 کروڑ روپئے کا قرض دینے کو بھی بھارت نے منظوری دی۔

***** ***** *****

آکاشوانی کے ''من کی بات'' پروگرام کے تحت آج صبح گیارہ بجے وزیرِ اعظم نریندر مودی عوام سے بات چیت کریں گے۔ یہ اس سلسلے کا 124 واں پروگرام ہے۔ آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام چینل صبح گیارہ بجے سے اسے براہِ راست نشر کریں گے۔

***** ***** *****

مرکزی وزیرِ تجارت پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت اور برطانیہ کے مابین حال ہی میں ہوا آزاد تجارتی معاہدہ ایک انقلابی قدم ثابت ہوگا۔ وہ کل دہلی میں ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ یہ بھارت کا اب تک کا سب سے بڑا اور جامع معاہدہ ہے۔ انھوں نے کہا:

**Byte: Industry & Supply Minister Piyush Goyal**

***** ***** *****

کارگل وجے دِوَس کل ملک بھر میں مختلف تقریبات کے ذریعے منایا گیا۔ صدرِ جمہوریہ دَروپدی مُرمو‘ وزیرِ اعظم نریندر مودی‘ وزیرِ دفاع راجناتھ سنگھ‘ تینوں دفاعی افواج کے سربراہان نے اس معرکے میں اپنی جانوں ں کا نذرانہ پیش کرنے والے سپاہیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ برّی فوج کے سربراہ جنرل اُپیندر دِویدی نے کہا ہے کہ بھارت کی طرف بری نظر ڈالنے والوں کو سخت جواب دیا جائے گا۔ وہ کل دَراس میں آپریشن سندور کے سلسلے میں منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کررہے تھے۔ انھوں نے کہا:

**Byte: Army Chief General Upendra Diwedi**

ممبئی میں گورنر سی پی رادھا کرشنن‘ وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس‘ نائب وزرائے اعلیٰ اجیت پوار اور ایکناتھ شندے نے بھی فوجیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

چھترپتی سمبھا جی نگر میں ’’کارگل اسرتی وَن سمیتی‘‘ کی جانب سے ’’ویرانچا شوریہ گورو‘‘ پروگرام منعقد کیا گیا۔ جس میں ریاستی وزیر اتل ساوے نے بھی شرکت کی جانب سے دیئے گئے ٹینک T-55 یہاں رکھا گیا ہے۔ جس کا افتتاح وزیرِ موصوف نے کیا۔ کارگل اسمرتی وَن کا افتتاح میونسپل کارپوریشن کے کمشنر جی شریکانت کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ یوگ اینڈ اسپورٹس ویلفیئر اسوسی ایشن اور سائیکلسٹ فاؤنڈیشن کی جانب سے شہر میں اس سلسلے میں ایک سائیکل ریلی کا بھی اہتمام کیا گیا۔

اسی سلسلے میں ناندیڑ ضلع کے وَسرنی گاؤں میں منعقدہ ایک پروگرام میں دورانِ جنگ صوبیدار کی حیثیت سے فرائض انجام دینے والے کیپٹن سیتا رام جادھو نے اپنے جنگی تجربے بیان کیے۔ اس موقع پر پربھنی ضلع فوجی دفتر کی جانب سے منعقدہ پروگرام میں جنگ میں خدمات انجام دینے والے تین سابق فوجیوں کو اعزاز دیئے گئے۔ دھاراشیو ضلع کے عمرگہ میں مرکزی نشریاتی بیورو کی جانب سے کارگل وجے دِوَس کا پروگرام منعقد کیا گیا۔ جس میں چھترپتی شیواجی کالج کے پرنسپل ڈاکٹر سنجئے اَسولے نے رہنمائی کی۔ انھوں نے کہا کہ آج ملک کو نوجوان قیادت کی ضرورت ہے۔ اور یہ دن نوجوانوں میں ایثار و قربانی کے جذبات پیدا کرتا ہے۔ اس موقع پر سابق فوجی‘ فوجیوں کی بیوائیں اور مائیں شریک تھیں۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

چیف جسٹس بھوشن گوائی نے کہا ہے کہ چیف جسٹس کے عہدے سے سبکدوش ہونے کے بعد وہ کوئی بھی سرکاری عہدہ نہیں لیں گے بلکہ وہ قانونی مشورے‘ رہنمائی اور ٹریبونل جیسے نظامات میں تنازعات حل کرنے کیلئے کام کریں گے۔ امراوتی ضلع اور سیشن عدالت میں کل ٹی آر گلڈا میموریل ای لائبریری کے افتتاح کے بعد منعقدہ تقریب سے وہ خطاب کررہے تھے۔ اس ای لائبریری کے ذریعے وکلاء کو قانون سے متعلق فیصلوں اور رہنماء مضامین سے فی الفور فائدہ اٹھانے میں مدد ملے گی۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے ہدایت کی ہے کہ پارچہ بافی صنعت میں شمسی توانائی کے استعمال کیلئے پارچہ بافی اور توانائی محکموں کی ایک کمیٹی قائم کی جائے۔ وہ کل ممبئی میں پارچہ بافی محکمے کے ایک جائزہ اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔ سماجی انصاف‘ قبائلی ترقی اور دیگر پسماندہ طبقات کی ترقی کے محکمے کے تحت آنے والے نئے امدادِ باہمی سوت گرنیوں کی امداد کیلئے یکساں پالیسی اختیار کرنے کی بھی انھوں نے ہدایت کی۔

***** ***** *****

ریاست کے بیشتر علاقوں میں بارشوں کی شدت میں اضافہ ہوا ہے اور مختلف آبی ذخائر میں پانی کی سطح میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ چھترپتی سمبھاجی نگر شہر اور ضلع بھر میں کل موسلا دھار بارش ہوئی۔ کنڑ تعلقے کے پشور کی ندی میں سیلاب آ گیا۔ ضلع کے جائیکواڑی آبی منصوبے کے کیچمنٹ ائیریا میں زوردار بارش کے باعث آبی ذخیرے میں اضافہ ہوا اور یہ 81 فیصد تک پہنچ چکا ہے۔ بہت جلد اس پشتے سے پانی چھوڑے جانے کا امکان ہے اور اس لیے گوداوری ندی کے کنارے رہائش پذیر افراد کو خبردار رہنے کا اشارہ دے دیا گیا ہے۔

ناندیڑ میں وشنوپوری آبی منصوبے کا ذخیرہ 90 فیصد سے زائد ہو چکا ہے اور ڈیم کے ایک دروازے سے پانی کی نکاسی شروع کر دی گئی ہے۔

جالنہ شہر سمیت ضلع بھر میں موسلا دھار بارش کے باعث کسانوں کے کاموں میں دشواری آ رہی ہے اور نظامِ زندگی بھی متاثر ہوا۔ دھاراشیو ضلع میں جاری بارش کل دوپہر کے بعد کم ہو گئی۔

***** ***** *****

کانگریس کے ریاستی صدر ہرش وردھن سپکاڑ نے کہا ہے کہ ریاست میں بے روزگاروں کی فوج تیار ہو رہی ہے۔ اس سلسلے میں تحریر کردہ ایک مکتوب میں انھوں نے یہ الزام لگایا۔ انھوں نے کہا کہ کانگریس کے دورِ اقتدار میں پونا کے ہنجے واڑی میں آئی ٹی صنعت تیزی سے ترقی کر رہی تھی۔ تاہم اب یہ صنعت بنگلورو اور حیدرآباد منتقل ہو رہی ہے اور اس کی ذمہ داری قبول کرتے ہوئے نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار کو مستعفی ہو جانا چاہیے۔

***** ***** *****

فِڑے خواتین شطرنج عالمی کپ فائنل کا پہلا میچ برابری پر ختم ہوا۔ جارجیا کے بٹومی میں جاری اس ٹورنامنٹ میں بھارت کی کونیرو ہمپی اور دِیویا دیشمکھ کے مابین فائنل جاری ہے۔ فائنل کا دوسرا میچ آج کھیلا جائے گا۔

***** ***** *****

ٹینڈولکر- اینڈرسن کرکٹ ٹسٹ سیریز کے چوتھے میچ کے پانچویں دِن آج بھارت کو انگلینڈ کی پہلی اننگ میں حاصل کردہ برتری ختم کرنے کیلئے اب بھی 137 رن درکار ہیں۔ اپنی دوسری اننگ میں بھارت آج دو وِکٹ کے نقصان پر 174 رنوں سے آگے اپنی اننگ شروع کرے گا۔ کل جب چوتھے دن کا کھیل ختم ہوا تو ہندوستانی ٹیم کے کپتان شبھمن گل 78 اور کے ایل راہل 87 رن بنا کر کریز پر موجود تھے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ بنیادی ڈھانچہ اور توانائی ملک کی ریڑھ کی ہڈی ہے: وزیرِ اعظم نریندر مودی کا عندیہ۔

☆ کارگل وِجئے دِوس پر کل ملک بھر میں مختلف پروگراموں کا انعقاد۔

☆ ریاست میں بارشوں میں شدت؛ مختلف آبی ذخائر میں پانی کی سطح میں اضافہ۔

اور۔۔۔☆ فِڑے خواتین شطرنج عالمی کپ فائنل کا پہلا میچ برابری پر ختم؛ دوسرا فائنل آج۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****